© rasailojaraid.com



# نظرات

(۴)

صدر مسلم یوتھ موومنٹ نے پوچھا: علماء اور تبلیغی جماعت کے حضرات ہمارے اجتماعات میں عدم شرکت کی جو وجہ بیان کرتے ہیں آپ کی اس کے متعلق کیا رائے ہے؟

میں نے کہا: اگر واقعی وجہ یہی ہے جو آپ نے بتائی ہے وہ سرتاسر غلط اور نہایت افسوسناک ہے، کیونکہ مسجد حرام مکہ مکرمہ اور مسجد نبوی مدینہ منورہ سے بڑھ کر مقدس اور کونسی جگہ ہے اور وہاں مردوں اور عورتوں دونوں کا ایک ساتھ اجتماع ہوتا ہے، دونوں ایک ساتھ نماز ادا کرتے ہیں، ایک ساتھ طواف کرتے، ایک ساتھ روضۂ اقدس پر سلام پڑھتے ہیں اور حج کے موقع پر مشاعر حرام یعنی عرفات، مزدلفہ اور منیٰ میں دونوں دوش بدوش رہتے ہیں، حالانکہ ارشاد نبوی: "احرام المرأة فی وجھھا" عورت کا احرام ہی یہ ہے کہ اس کا چہرہ کھلا رہے، اور اس حدیث صحیح کی بنیاد پر حکم فقہی کے مطابق ان سب مقامات پر عورتوں کا چہرہ کھلا رہتا ہے، علاوہ ازیں قرون اولیٰ میں عورتیں مردوں کے ساتھ مساجد میں عموماً اور عیدگاہوں میں خصوصاً نماز با جماعت ادا کرتی تھیں، چنانچہ ارشاد نبوی ہے: مسجد میں پہلی صف بالغ مردوں کی اس کے پیچھے نابالغ لڑکوں کی اور آخر میں عورتوں کی صف ہونی چاہیئے، اور عید کے موقع پر تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خاص طور پر حکم دیا کہ عورتوں کو عیدگاہ میں لے جایا کرو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تاکہ مسلمانوں کی کثرت آبادی کا اندازہ ہو اور ہیں اس کی بنیاد پر دوسری قوموں سے مسابقت کروں بہر حال اس سے یہ ثابت ہے کہ خواتین جن کو حضرت فاطمہ نے "ریاحین" یعنی پھول کہا ہے ان سے اتنی وحشت (نفرت نہ سہی) کہ جس اجتماع میں اسلامی آداب کے ساتھ موجود ہوں گی آپ اس میں شریک ہی نہ ہوں گے، قطعاً غیر اسلامی رجحان ہے، میں یہ جواب دے کر خاموش ہو گیا اور بات آئی گئی ہو گئی۔

---

لیکن اپنے نہاں خانۂ قلب میں یہ محسوس کر کے مجھ کو بڑا دکھ اور افسوس ہوا کہ جو صورت حال یہاں ہے وہی برصغیر ہند، پاک اور بنگلہ دیش میں ہے، یعنی جو علمائے کرام ہیں انھوں نے اپنی سرگرمیوں کو مدارس میں درس و تدریس، وعظ و خطابت اور سیرت کے جلسوں میں شرکت اور تقریر تک محدود کر رکھا ہے اور مسلم نوجوانوں میں جو حرکت پیدا ہو رہی ہے اور اسلام کی سربلندی و سرفرازی کے لئے نہایت منظم طریقہ پر بڑے جوش اور دل کی لگن کے ساتھ وہ جو کام کر رہے ہیں، علمائے کرام بحیثیت ایک طبقہ کے اس سے کوئی دلچسپی نہیں لیتے اور صرف یہی نہیں بلکہ ایسا اوقات اس معاملہ میں ان کی روش بجائے مثبت ہونے کے منفی ہوتی ہے، نتیجہ یہ ہے کہ طبقۂ علماء اور نوجوانوں میں بعد و افتراق کی خلیج روز بروز وسیع تر ہو رہی ہے اور تعلیم یافتہ طبقہ پر علماء کی گرفت ڈھیلی ہوتی جا رہی ہے، پھر اس سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اسلامیات پر تحقیق و تصنیف، اور اسلامی اداروں کی تنظیم و تعمیر کا جو کام انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ صرف یہاں نہیں بلکہ ساری دنیا میں کر رہا ہے وہ ہمارے علماء کا طبقہ نہیں کر رہا ہے، اور اس طبقہ میں اب ایسے افراد بھی بکثرت ملیں گے جو علوم جدیدہ کی اعلیٰ تعلیم اور ان میں ماہرانہ درک و بصیرت کے باوصف ماشاء اللہ علم دین میں دستگاہ رکھتے ہیں، حافظ قرآن بھی ہیں اور قاری بھی، مسجدوں میں امامت کرتے ہیں، تراویح میں قرآن مجید سناتے اور قرآن کا درس بھی دیتے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں، ان سب امور کے پیش نظر ذرا بعید نہیں کہ آئندہ مسلمانوں کی دینی قیادت طبقۂ علمار سے منتقل ہوکر انھیں لوگوں کے ہاتھوں میں چلی جائے۔ اگر ایسا ہوا تو کسی کو اس پر تعجب نہ کرنا چاہیئے، کیونکہ اللہ کی ذات بڑی بے نیاز ہے، وہ اپنے دین کی حمایت و نصرت اور اس کے اعلار و سربلندی کے لئے کسی خاص جماعت و گروہ کا محتاج نہیں اس نے یہ کام کبھی بادشاہوں سے لیا ہے، کبھی ارباب تیغ و تفنگ سے، کبھی صوفیائے کرام سے لیا ہے، اور کبھی اصحاب علم وفضل اور ارباب قلم سے۔

---

اسلام اگر اللہ کا دین ہے اور اسے قیامت تک موجود اور سرفراز و سربلند رہنا ہے تو ہر دور اور ہر زمانہ میں ایسے مخلص اور خدمت گذاران دین پیدا ہوتے رہیں گے جو اس کا نام اور کام روشن رکھیں گے، لیکن اگر مسلمانوں کی دینی اور ذہنی قیادت کا سررشتہ علمار کے ہاتھ میں نہ رہا تو سوچنا چاہیئے کہ پھر ہمارے سینکڑوں مدارس عربیہ و دینیہ کس مرض کی دوا ہوں گے اور ان کے وجود کی افادیت کیا ہوگی؟ درحقیقت یہی وہ اندیشہ ہے جس کی بنا پر راقم الحروف عرصۂ دراز سے تقریروں اور تحریروں میں مدارس کے نصاب تعلیم اور طریق تعلیم کی اصلاح اور ان کی تنظیم جدید کا پرچار کرتا رہا ہے، اور صرف یہی نہیں، بلکہ منتخب علمار و فضلار پر مشتمل ایک بورڈ کی مدد سے ڈیڑھ دو برس کی محنت اور غور وخوض کے بعد ایک جامع نصاب شائع بھی کر دیا گیا ہے جو سنٹرل وقف کونسل، نئی دہلی کے دفتر سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

---

اصل بات یہ ہے کہ اگر علمار نوجوان تعلیم یافتہ طبقہ کے معاملات ومسائل سے دلچسپی نہیں لیتے اور ان کی تحریکات و اجتماعات میں شریک نہیں ہوتے تو اس کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بڑی وجہ یہ ہے کہ یہ حضرات انگریزی یا کسی اور مغربی زبان اور علوم جدیدہ سے ناواقف ہوتے اور اسی بناپر احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں، وہ موجودہ زمانے کے سماجی اور اقتصادی مسائل پر اگر گفتگو کریں گے بھی تو یہ گفتگو فن کی زبان میں نہ ہونے کے باعث مخاطب کے لئے اطمینان بخش اور یقین افروز نہ ہوگی، اس کی ایک مثال یہ ہے کہ جب مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی مرحوم کی کتاب "اسلام کا اقتصادی نظام" ندوۃ المصنفین، دہلی کی طرف سے شائع ہوئی تو ملک میں دھوم مچ گئی اور کتاب بڑی مقبول ہوئی، لیکن جناب ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب جن کا خاص موضوع اقتصادیات (Economics) تھا اور جو اس زمانہ میں قرول باغ میں ہمارے قریب ہی رہتے تھے، انھوں نے اس کتاب کو بڑے شوق اور توجہ سے پڑھنے کے بعد فرمایا: اس میں شک نہیں کہ مولانا نے کتاب بڑی محنت و کاوش اور تحقیق سے لکھی ہے، لیکن اقتصادیات کے طالب علم کے لئے ناقابل فہم ہے، اس لئے میرا جی چاہتا ہے کہ میں اس کتاب کو فن کی زبان میں "فن کے اصول اور اس کے قواعد وضوابط کے مطابق مرتب کر دوں" ہم نے عرض کیا: ڈاکٹر صاحب! یہ کام ضرور کر دیجئے، آپ کو بڑا ثواب ملے گا، ڈاکٹر صاحب نے پختہ وعدہ فرمایا، لیکن افسوس! یہ خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوا۔

---

جو حال اقتصادیات کا ہے وہی حال سوشیالوجی، پالٹیکل سائنس، قانون اور فلسفۂ مغرب کا ہے کہ تعلیم یافتہ طبقہ سے سماجیات، سیاست، قانون اور علم کلام کے مسائل و مباحث پر سیر حاصل اور نتیجہ خیز گفتگو ان علوم میں درک و بصیرت کے بغیر نہیں ہو سکتی، ان حقائق کے پیش نظر ممالک عربیہ کے دینی مدارس اپنے نصاب تعلیم پر نظر ثانی کر رہے ہیں، پھر ہم کیوں نہ کریں۔

© rasailojaraid.com